
# مملکت متحدہ میں کام کرنے کا ٹول کٹ

## مملکت متحدہ میں کام کرنے کا حق

اگر آپ برطانوی شہری نہیں ہیں تو آپ کو ثابت کرنا ہوگا کہ آپ مملکت متحدہ میں کام کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ کسی کو غیرقانونی طور پر ملازمت دینے کی صورت میں آجروں پر جرمانے یا قید کی سزا عائد ہو سکتی ہے۔

مملکت متحدہ میں ملازمت کے مخصوص ویزوں کی ۲۰ سے زائد اقسام موجود ہیں اور فہرست کی باقاعدگی کے ساتھ تجدید کی جاتی ہے۔ یہ جاننے کے لیے کہ کیا آپ مملکت متحدہ میں کام کرنے کے لیے صحیح ویزا رکھتے ہیں، یہ آن لائن سہولت استعمال کریں۔

### مزید تفصیلی معلومات کے لیے تصویروں یا لنکس پر کلک کریں

| | |
|---|---|
| **ملازمت کرنے کا حق ثابت کرنا**<br> | اگر آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپ آن لائن اپنے امیگریشن کی حیثیت دیکھ سکتے ہیں تو آپ مملکت متحدہ میں ملازمت کا حق ثابت کرنے کے لیے شیئر کوڈ حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ کوڈ ۳۰ روز تک جائز رہتا ہے اور اسے آجروں کے ساتھ شیئر کیا جا سکتا ہے، جو مندرجہ ذیل کی جانچ پڑتال کر سکتے ہیں:<br>• آپ کو کس قسم کی ملازمت کرنے کی اجازت ہے<br>• آپ مملکت متحدہ میں کتنے عرصے تک کام کر سکتے ہیں<br>• کیا آپ مراعات کا مطالبہ کر سکتے ہیں یا این ایچ ایس کی سہولیات تک رسائی کر سکتے ہیں<br>• کیا آپ بینک اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں<br>آپ سرکاری ویب سائٹ کے ذریعے اپنے شیئر کوڈ تک رسائی کر سکتے ہیں۔ آپ کو اپنے پاس پورٹ یا شناختی کارڈ، بائیومیٹرک رہائشی پرمٹ ( BRP)یا ویزا اور اپنے بائیومیٹرک رہائشی کارڈ کے نمبر کی ضرورت ہوگی۔ |
| **قومی انشورنس نمبر کیا ہے؟**<br> | NINO سے مراد قومی انشورنس نمبر ہے اور یہ ٹیکس اور قومی انشورنس کی ادائیگی کے علاوہ مراعات کے مطالبے کے لیے ایک ریفرینس نمبر ہے۔<br>برطانوی شہریوں کو ۱٦ سال کی عمر میں NINO جاری کیا جاتا ہے۔ پناہ گزین کو بھی NINO جاری کیا جاتا ہے۔ تاہم اس کا اطلاق ملازمت کا حق رکھنے والے ہر ایک شخص پر نہیں ہوتا، اس لئے ہو سکتا ہے کہ آپ کو اس کی درخواست دینے کی ضرورت پیش آئے۔<br>آپ NINO کے بغیر کام کرنا شروع کر سکتے ہیں لیکن اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ قومی انشورنس کی کٹوتیوں اور ادا کردہ ٹیکس کا آپ کے نام پر درست اندراج ہو رہا ہے، آپ کو NINO کی ضرورت پیش آئے گی۔ اس میں ۱٦ ہفتوں تک کا وقت لگ سکتا ہے، اس لئے اسے جلد از جلد مکمل کرنا فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔ |
| **کمی کے شکار پیشوں کی فہرست**<br> | کمی کے شکار پیشوں کی فہرست ان ملازمتوں کی فہرست ہے جن میں برطانوی کاروبار اور آجر ملازموں کی کمی کا شکار ہیں۔<br>عام طور پر پناہ گزین کو ملازمت کرنے کی اجازت نہیں ہوتی لیکن اگر ان کی درخواست کا ۱۲ مہینوں کے بعد بھی جواب موصول نہ ہوا ہو، اور اس میں ان کا قصور نہ ہو، اور ان کے پاس مناسب صلاحیتیں موجود ہوں تو وہ کمی کے شکار پیشوں کی فہرست میں شامل ملازمتوں کی درخواست دے سکتے ہیں۔<br>آپ کو ان ملازمتوں میں کام کرنے کے حق کے لیے مملکت متحدہ کے ویزاز اینڈ امیگریشن کو تحریری شکل میں درخواست ارسال کرنے کی ضرورت ہے۔ |
| **ڈسکلوزر اور بارنگ** | مملکت متحدہ میں کئی ملازمتوں کے لیے جرائم کے ریکارڈ کی بیگ کراؤنڈ جانچ پڑتال کی ضرورت |

| | |
|---|---|
| **کی سہولت**<br><br> | پیش آتی ہے۔ اس میں عام طور پر بچوں، بوڑھوں اور معذور افراد کے ساتھ کام شامل ہوتا ہے۔<br><br>ڈسکلوژر اور بارنگ کی سہولت (DBS) ایک ایسا طریقہ ہے جس کے ذریعے ملازمین آپ کے جرائم کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کر سکتے ہیں۔ یہ جانچ پڑتالیں صرف مملکت متحدہ میں ہی کی جا سکتی ہیں۔ اگر آپ پچھلے ۵ سال سے مملکت متحدہ میں نہ رہ رہے ہوں تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو اپنے ملک سے 'اچھے کریکٹر سرٹیفیکیٹ' کے لیے درخواست دینے کی ضرورت پیش آئے۔ درخواست کا طریقہ کار ہر ملک میں مختلف ہوتا ہے۔<br><br>ہو سکتا ہے کہ آپ کے لیے اپنے ملک سے یہ ریکارڈز حاصل کرنا مشکل ہو، اس لئے اضافی کریکٹر کی ریفرینس جیسی متبادل پڑتالوں کے متعلق آجروں سے بات کرنا فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔ آپ کسی قانونی پیشہ ور شخص کے ذریعے 'حلف اٹھانے' کی بھی پیشکش کر سکتے ہیں۔<br><br>کچھ جرائم کی سزاؤں کو 'ختم' تصور کیا جاتا ہے اور انہیں ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ تاہم قواعد بہت پیچیدہ ہیں۔ اسی لئے اگر آپ کو کسی بھی جرم کی سزا ملی ہو تو بہتر یہی ہوگا کہ کسی آجر کے اس کے متعلق سوال کئے جانے کی صورت میں اس کے سلسلے میں مشورہ کیا جائے۔ |

## مرکزی نقاط

**١. درست دستاویزات کے بغیر مملکت متحدہ میں ملازمت کرنا خلاف قانون ہے**

**٢. آپ کے کام کرنے کی اہلیت کی جانچ پڑتال کرنے کے لیے آجرین کے لیے شیئر کے کوڈ کی درخواست کرنا ضروری ہے**

**٣. آپ کو ملازمت کرنے یا مراعات کا مطالبہ کرنے کے لیے قومی انشورنس نمبر کی درخواست کرنے کی ضرورت ہے**

**٤. مملکت متحدہ میں کئی ملازمتوں کے لیے جرائم کے ریکارڈ کی بیک گراؤنڈ جانچ پڑتال کی ضرورت پیش آتی ہے، جیسے DBS کہا جاتا ہے**

## مفید لنکس اور وسائل

- Citizen's Advice پر مختلف دستاویزات کے متعلق وافر مقدار میں واضح اور آسان فہم معلومات اور مشاورت شامل ہیں جو آپ کے امیگریشن کی حیثیت کے لحاظ سے آپ کو پیش کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔
- موجودہ مملکت متحدہ کے ورک ویزاؤں کی تجدید شدہ فہرست۔
- قومی انشورنس کی کٹوتیوں سے کیا مراد ہے؟
- Migration Justice پراجکٹ نے ایک رہنما تیار کیا ہے تاکہ پناہ گزین یہ سمجھ سکیں کہ کیا وہ اپنی درخواست کا حتمی جواب موصول ہونے تک کام کر سکتے ہیں، اور اگر کر سکتے ہیں تو کس طرح۔
- ممالک کی حروف تہجی کی ترتیب میں فہرست اور بیرون ملک جرائم کے ریکارڈ کی جانچوں کی درخواست دینے کا طریقہ
- سیکورٹی کی سہولیات میں کام کرنے کے لیے ضروری SIA لائسنس کی درخواست دینے والے افراد کے لیے حلفوں اور کریکٹر ریفرینس کے متعلق حکومتی رہنمائی۔
- اگر آپ کے جرائم کے حوالے سے ریکارڈ موجود ہے تو Unlock کی طرف سے معلومات، مشاورت اور معاونت مل سکتی ہے۔

# مملکت متحدہ میں کام کرنے کا ٹول کٹ

## ملازمت کی اقسام

ملازمت عام طور پر تین میں سے کسی ایک زمرے میں شامل ہوتی ہے:

**نجی شعبہ** - اس سے مراد وہ کمپنیاں اور کاروبار ہیں جو اپنے مالکان کو منافع دیتی ہیں۔ ان کے پیسے اشیاء یا سہولیات فروخت کر کے کمائے جاتے ہیں۔ مثالوں میں دکانیں، ہوٹل، گودام، اور کارخانے شامل ہیں۔

**سرکاری شعبہ** - یہ وہ ادارے ہیں جن کا انتظام حکومت کرتی ہے۔ یہ کمیونٹی کے فائدے کے لیے سہولیات فراہم کرتی ہیں اور ان کے لیے رقم ٹیکسوں کے ذریعے حاصل کی جاتی ہے۔ اس میں اسکول، ہسپتال، اور مقامی کونسل شامل ہیں۔

**رضاکارانہ شعبہ** - اسے 'تیسرا شعبہ' بھی کہا جاتا ہے اور اس میں خیراتی ادارے، کمیونٹی گروپس، سماجی ادارے، اور دیگر گروپس شامل ہیں جو نفع نہیں کماتے۔

### مزید تفصیلی معلومات کے لیے تصویر یا لنک پر کلک کریں

#### آپ کی ملازمت کی حیثیت کیا ہے؟




آپ کے ملازمت کے حقوق کا انحصار آپ کی ملازمت کی حیثیت پر ہے۔

اگر آپ کے آجر آپ کو باقاعدہ کام فراہم کرتے ہیں اور آپ کو بتاتے ہیں کہ اسے کب اور کس طرح انجام دیا جانا چاہیے تو آپ **ملازم** ہیں۔ **مزدور** کے آجر انہیں باقاعدہ گھنٹے پیش نہیں کرتے اور نہ ہی اس کی ضمانت دیتے ہیں، مثال کے طور پر موسمی مزدوروں یا عارضی عملے کی صورت میں۔

دونوں صورتوں میں آجر آپ کی طرف سے ٹیکس اور قومی انشورنس کی ادائیگی کرتے ہیں اور آپ کو بنیادی ملازمت کے حقوق، جیسے کہ بامعاوضہ سالانہ چھٹی اور کم از کم اجرت، کا حق حاصل ہے۔ جزوقتی کام کرنے کی صورت میں آپ کو وہی حقوق حاصل ہیں جو ہمہ وقتی ملازم کو ہوتے ہیں۔

مزید معلومات یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں: حصہ E – ملازمت پر آپ کے حقوق

#### بھرتی کرنے والی اور ملازمت فراہم کرنے والی ایجنسیاں



بھرتی کرنے والی ایجنسیاں آجر کی طرف سے اسامیاں پر کرنے کے لیے مناسب امیدوار تلاش کرنے کا کام کرتی ہیں۔ بھرتی کرنے والی ایجنسی کو کبھی بھی ملازمت فراہم کرنے کے لیے آپ سے معاوضہ وصول **نہیں** کرنا چاہیے۔

کچھ بھرتی کرنے والی ایجنسیاں دوسرے کاروباروں کے لیے عملہ تلاش کرتی ہیں لیکن عملے کو معاوضے کی ادائیگی خود کرتی ہیں۔ انہیں ملازمت کے کاروبار کہا جاتا ہے۔ اس صورت میں آپ ایجنسی کے ملازم ہوں گے۔ ایسا اکثر تخلیق کار اور گوداموں سے وابستہ شعبوں میں ہوتا ہے۔

#### ملازمت کے معاہدے




جب آپ کو ملازمت پیش کی جائے تو آپ کے آجر کے لیے آپ کو 'ملازمت کی تفصیلات کا تحریری بیان' فراہم کرنا **ضروری** ہے، جسے اکثر ملازمت کا معاہدہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ایک قانونی معاہدہ ہے جس میں آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں درج ہوتی ہیں۔ ایجنسی کے ملازمین کو بھی پہلے روز سے ہی ایک ملازمت کی تفصیلات کا تحریری بیان فراہم کرنا اور ملازمت کے بنیادی حقوق دینا ضروری ہے۔

مستقل معاہدوں میں ملازمت کی اختتامی تاریخ مقرر نہیں ہوتی۔ محدود مدت یا عارضی معاہدوں میں ملازمت کی اختتامی تاریخ مقرر ہوتی ہے۔ 'صفر گھنٹوں کے معاہدے' سے مراد ایک ایسا معاہدہ ہے جس میں کوئی کم از کم ملازمتی اوقات درج نہیں ہوتے۔

#### شاگردی

Apprenticeships

شاگردی بامعاوضہ ملازمت کی ایک قسم ہے جس میں ملازم اپنا کچھ وقت تربیت حاصل کرنے میں گزارتا ہے، جس کے اختتام پر ایک قومی طور پر تسلیم شدہ سند موصول ہوتی ہے۔

کئی لوگ سمجھتے ہیں کہ شاگردی صرف نوجوانوں کے لیے ہی ہوتی ہے، لیکن کسی بھی عمر کے افراد کسی بھی دوسری ملازمت کی طرح شاگردی کی درخواست دے سکتے ہیں۔ تاہم شاگردی کے لیے کم از کم اجرت دوسری ملازمتوں کے مقابلے میں بہت کم ہوتی ہے۔

شاگردی کی تربیت کی رقم حکومت کی طرف سے ادا کی جاتی ہے، اس لئے ممکن ہے کہ مہاجرین

| | |
|---|---|
| | کی کچھ اقسام اس قسم کی ملازمت تک رسائی نہ کر پائیں۔<br><br>آپ حکومتی ویب سائٹ کے ذریعے اپنے اطراف شاگردی کے مواقع کے متعلق معلوم کر سکتے ہیں اور مواقع براؤز کر سکتے ہیں۔ |
| **خود کے لیے کام کرنا**<br> | **خود کے لیے کام کرنے والے افراد** اپنی کمپنی یا کاروبار کے مالک ہوتے ہیں اور اپنے کام کے طریقہ کار اور اوقات کے خود ذمہ دار ہوتے ہیں۔ وہ اپنے ٹیکس اور قومی انشورنس کی ادائیگی خود کرتے ہیں۔ انہیں ملازمت یا مزدوروں کے جتنے ملازمت کے حقوق حاصل نہیں ہوتے اور نہ ہی ان کے پاس ان جیسی ذمہ داریاں ہوتی ہیں۔ اگر آپ خود کے لیے کام کرتے ہیں اور آپ سال میں £۱۰۰۰ سے زیادہ کماتے ہیں تو آپ کو ٹیکس کے مقاصد کے لیے یوکے ٹیکس کلیکشن آفس (HMRC) میں رجسٹر کرنے کی ضرورت ہے۔<br><br>ممکن ہے کہ آپ کسی کمپنی میں بطور ملازم یا مزدور کام کرنے کے ساتھ ساتھ اپنا کاروبار چلا کر خود کے لیے کام کر رہے ہوں۔ |

## مرکزی نقاط

۱. **ایجنسیاں سمیت تمام آجر آپ کو آپ کی ملازمت کے شرائط و ضوابط کے متعلق تحریری بیان فراہم کرنے کی قانونی ذمہ داری رکھتے ہیں۔**

۲. **اگر آپ ملازم یا مزدور ہیں تو آپ ملازمت کے بنیادی حقوق کا حق رکھتے ہیں۔ اس کا اطلاق اس صورت میں بھی ہوتا ہے اگر آپ کسی ایجنسی کے لیے کام کرتے ہیں یا اگر آپ ایک جز وقتی، عارضی یا صفر گھنٹے کے معاہدے پر کام کر رہے ہیں۔**

## مفید لنکس اور وسائل

- حکومت ماہانہ اعداد و شمار شائع کرتی ہے جس میں ملازمت کرنے والے افراد اور اسامیوں کی تعداد کے متعلق معلومات شامل ہوتی ہیں۔
- اس رہنما میں مملکت متحدہ کے نجی اور سرکاری شعبوں کے درمیان فرق اور دونوں شعبوں میں کام کرنے کے فوائد و نقصانات کا جائزہ فراہم کیا گیا ہے۔
- ایک ملازمت کے معاہدے میں کیا کیا شامل ہونا چاہیے، اس کے متعلق چارٹرڈ انسٹی ٹیوٹ آف پرسنل اینڈ ڈویلپمنٹ (Chartered Institute of Personnel and Development) کی طرف سے مزید معلومات فراہم کی گئی ہیں۔
- ملازمتی ایجنسیوں سے وابستہ قواعد کے متعلق معلومات
- یہ کم انکم ٹیکس ریفارم گروپ (Low Incomes Tax Reform Group) کی طرف سے فراہم کردہ خود کے لیے کام کرنے کا مفید رہنما ہے جس میں آپ کے ملازمت یا خود کے لیے کام کرنے کی صورت میں آپ کی مدد کے لیے بھی معلومات شامل ہیں۔

# مملکت متحدہ میں کام کرنے کا ٹول کٹ

## ملازمت تلاش کرنا اور ملازمت کی درخواست دینا

زیادہ تر اسامیاں آن لائن تلاش کی جاتی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کو کمپیوٹر استعمال کرنا آنا چاہیے۔ تاہم مقامی آجروں سے خود مل کر جا کر اسامیوں کے متعلق پوچھنا بھی فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔

ملازمت کے لیے درخواست دینے کے طریقے کے متعلق بہت مشاورت اور معلومات دستیاب ہیں۔ اس حصے میں بنیادی باتوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

آپ کو اس حصے کے اختتام پر سی وی اور کور لیٹر رکھنے کے متعلق بہترین مشاورت فراہم کرنے والی ویب سائٹس کی ایک فہرست ملے گی۔

**مزید تفصیلی معلومات کے لیے تصویر یا لنک پر کلک کریں**

### ملازمت کی تلاش کے لیے ویب سائٹس



ملازمت کے لیے ایسی سینکڑوں ویب سائٹس موجود ہیں جہاں آپ کو اسامیاں نظر آئیں گی۔ آپ کو سب سے زیادہ استعمال ہونے والی سائٹس کی فہرست یہاںملے گی جس میں آپ کے لیے بہترین ویب سائٹ منتخب کرنے کے حوالے سے مشاورت بھی موجود ہے۔ بھرتی کرنے والی ایجنسیاں عام طور پر ملازمت کی سائٹس کا استعمال کرتی ہیں۔

کچھ سائٹس موجود ہیں جو خاص طور پر چند مخصوص پیشوں یا ملازمتی شعبوں کے لیے بنائی گئی ہیں۔ CharityJob ایک ایسی ویب سائٹ ہے جس کا تیسرے شعبے میں بہت استعمال ملتا ہے۔

کئی کمپنیاں اپنی ویب سائٹ کے پیجز پر اسامیوں کی فہرست شائع کرتی ہیں اور آپ ان کی اپنی سائٹ کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔ یہ بڑے کاروباروں میں زیادہ عام ہوتا ہے۔ اس لئے اگر آپ جانتے ہیں کہ آپ کی صنعت میں بڑی کمپنیاں کونسی ہیں تو آپ کو اپ ڈیٹس کے لیے ان کی ویب سائٹس پر سائن اپ کرنا چاہیے۔

### نیٹورکنگ




نیٹورکنگ بہت ضروری ہے اور کئی لوگ اپنے دوستوں، گھر والوں اور سابقہ رفقاء کار کے ذریعے ملازمتیں تلاش کرتے ہیں۔ اگر آپ مملکت متحدہ میں ایسے نیٹورکس نہیں رکھتے تو یہ بہت زیادہ مشکل ہوتا ہے لیکن انہیں بڑھانے کے طریقے موجود ہیں۔

اسامیوں کے متعلق جاننے کے لیے چھوٹے اور درمیانی سائز کے کاروباروں کو اپنی سی وی اور کورنگ لیٹر بھیجنا فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔ ان کمپنیوں میں ہمیشہ ایک وقف شدہ انسانی وسائل کا عملہ نہیں ہوتا، اس لئے ہمیشہ اسامیوں کے اشتہار موجود نہیں ہوتے۔ اگر ان کے پاس کچھ نہ بھی ہو تو یہ گفتگو شروع کرنے کا طریقہ ہو سکتا ہے اور اگر مستقبل میں کچھ سامنے آئے تو وہ آپ کو یاد رکھیں گے۔

LinkedIn ملازمت تلاش کرنے والے پیشہ ور افراد کے لیے سب سے زیادہ مشہور آن لائن نیٹورکنگ سائٹ ہے۔ملازمت تلاش کرنے کے دوران اس کا بھرپور فائدہ اٹھانے کے متعلق چند اچھے مشورے یہاں موجود ہیں۔

### قابل انتقال صلاحیتیں



قابل انتقال صلاحیتیںان صلاحیتوں کو کہا جاتا ہے جن کا آپ ہر کسی ملازمت میں استعمال کرتے ہیں۔ کچھ کو باآسانی ملازمت کی درخواست میں بیان کیا جا سکتا ہے، جیسے کہ پراجیکٹ کے انتظام یا آئی ٹی کی صلاحیتیں۔ دوسری قابل انتقال صلاحیتوں میں تعلقات پیدا کرنے کی صلاحیت اور تفصیلات پر توجہ دینا شامل ہیں۔

مملکت متحدہ میں قابل انتقال صلاحیتوں کو بہت اہم تصور کیا جاتا ہے۔ آجر تسلیم کرتے ہیں کہ قابل انتقال صلاحیتیں رکھنے والا شخص نئے جائے کار میں باآسانی ڈھل سکتا ہے۔ کئی ملازمت کے اشتہاروں میں مختلف صلاحیتیں درج ہوتی ہیں جن کی کمپنی کو ضرورت ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کے

| | |
|---|---|
| | پاس تمام درخواست کردہ صلاحیتیں نہ ہوں، لیکن ممکن ہے کہ آپ کی قابل انتقال صلاحیتیں ملتی جلتی ہوں۔ |
| **سی وی اور کورنگ لیٹر**<br> | سی وی، جیسے ریزیومے بھی کہا جاتا ہے، ایک ایسا دستاویز ہے، جس میں آپ کی تعلیم، صلاحتیں، تجربہ، اور ملازمت کی ہسٹری درج ہوتے ہیں۔ سی وی لکھنے کا کوئی صحیح یا غلط طریقہ نہیں ہوتا، لیکن چند بنیادی اصول موجود ہیں جن پر آپ کو عمل کرنے کی ضرورت ہے۔<br>• واضح ساخت کا استعمال کریں<br>• اسے مختصر رکھیں<br>• غلطیوں سے اجتناب کریں<br>• اسے عہدے کے عین مطابق تیار کریں<br>آپ کو سی وی میں کونسی چیزیں شامل نہیں کرنی چاہیے<br>• غیرپیشہ ورانہ ای میل ایڈریس<br>• تصویر<br>• ذاتی تفصیلات |
| **درخواست کے فارم**<br> | ہر آجر سی وی کی درخواست نہیں کرتا۔ بعض دفعہ وہ آپ کو درخواست کا فارم پر کرنے کو کہیں گے، جو عام طور پر آن لائن مل جاتا ہے۔ آپ کی سی وی بہت فائدہ مند ثابت ہوگی کیونکہ آپ زیادہ تر معلومات کٹ اور پیسٹ کر سکتے ہیں۔<br>ملازمت کی درخواست پر کرتے وقت، ہمیشہ ایک حصہ موجود ہوگا جہاں آپ کو اپنی درخواست کے متعلق مزید تفصیلات فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔ اس میں کورنگ لیٹر سے زیادہ تفصیلات کی ضرورت ہوگی۔<br>عام طور پر اسامیوں کے اشتہار میں ملازمت کی تفصیلات اور امیدوار کی وضاحت شامل ہوں گی جس میں آپ کو بتایا جائے گا کہ اس کام میں کیا کیا شامل ہے، اور اس کام کو کرنے کے لیے کن صلاحیتوں، معلومات اور تجربے کی ضرورت ہوگی۔<br>یہ حصہ مکمل کرتے وقت آپ کو اپنے جواب کو اس فہرست کے مطابق لکھنے کی کوشش کرنی چاہیے اور اگر ممکن ہو تو مثالیں فراہم کرنی چاہیے۔<br>عام طور پر ملازمت کی درخواست دینے کی آخری تاریخ ہوتی ہے۔ آخری وقت تک انتظار نہ کریں! |
| **انٹرویو**<br> | ملازمت کے انٹرویو آمنے سامنے، بذریعہ ٹیلی فون یا بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ سافٹ ویئر منعقد کئے جا سکتے ہیں۔<br>آپ کو انٹرویو کے لیے پیشگی تیاری کرنی چاہیے اور جتنا زیادہ ممکن ہو کمپنی اور عہدے کے متعلق تحقیق کرنی چاہیے۔<br>چند عام سوالات موجود ہیں جن کا آجر کی طرف سے پوچھے جانے کا امکان ہے، اس لئے آپ ان کے جوابات کی مشق کر سکتے ہیں۔ مثالوں میں شامل ہیں:<br>• کیا آپ اپنے بارے میں بتا سکتے ہیں؟<br>• آپ یہاں کیوں کام کرنا چاہتے ہیں؟<br>• آپ کی صلاحیتیں اور کمزوریاں کیا ہیں؟<br>• آپ اپنے کام کا کس طرح انتظام کرتے ہیں؟<br>• کیا آپ ایسی مثال دے سکتے ہیں جب آپ کو کسی مشکل صورتحال سے نمٹنے کی ضرورت پیش آئی ہو؟<br>ممکن ہے کہ آپ سے انٹرویو کے اختتام پر پوچھا جائے کہ کیا آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں؟ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے سوالات کا تعلق موجود ہو۔ آپ تربیت کے مواقع یا روزمرہ کے کام کی ثقافت کے متعلق پوچھ سکتے ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| | |
| **ریفرینسز**  | ریفرینسز سے مراد وہ لوگ ہیں جو آپ کے تجربے، صلاحیتوں اور کردار کے متعلق بات کر سکیں۔ زیادہ تر آجر دو ریفرینسز کی درخواست کرتے ہیں، جن میں سے ایک کو آپ کا موجودہ مینیجر ہونا چاہیے۔ ممکن ہے کہ مینیجر آپ کی قابل انتقال صلاحیتوں کے متعلق بات کر سکے، مثال کے طور پر، یہ کہ آپ منظم ہیں اور مسائل اچھے سے حل کر سکتے ہیں۔<br>مملکت متحدہ میں نئے آنے والے افراد کے لیے یہ معلومات فراہم کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کے کام کے تمام ریفرینسز بیرون ملک سے ہیں، تو ممکن ہے کہ آپ کسی ایسے شخص کو شامل کرنا چاہیں جو انگریزی میں آرام سے بات کر سکے۔<br>کردار کے ریفرینسز کسی بھی ایسے شخص کی طرف سے ہو سکتے ہیں جو آپ کی اچھی ذاتی صلاحیتوں کے متعلق بات کر سکے۔ رضاکارانہ کام ایسے ریفرینسز حاصل کرنا کا بہت اچھا طریقہ ہے جو ایمانداری، قابل اعتمادی اور اچھی فطرت کی ضمانت دے سکیں۔ |

**مرکزی نقاط**

۱. **اپنی ملازمت کی تلاش کا رخ مناسب ترین ویب سائٹس کی طرف کریں**
۲. **آپ کی سی وی کو مختصر ہونا چاہیے اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس میں ہجے کی کوئی غلطیاں نہ ہوں**
۳. **مملکت متحدہ میں قابل انتقال صلاحیتوں کو اہم تصور کیا جاتا ہے۔ اپنی ذاتی صلاحیتوں اور کمزوریوں کے متعلق سوچیں۔**

## مفید لنکس اور وسائل

مملکت متحدہ میں ملازمت کی درخواست دینے کے طریقہ کار کے متعلق سینکڑوں رہنما موجود ہیں۔ یہاں چند بہترین مثالیں درج ہیں

- کام پر واپسی کا ٹول کٹ
- ملازمت کے درخواست کنندہ کا ٹول کٹ
- کور لیٹر لکھنے کا طریقہ
- کچھ کور لیٹر کی مثالیں
- قابل انتقال صلاحیتوں کے چند فوائد
- اچھے انٹرویو کے لیے ۲۰ مفید مشورے
- پناہ گزین کی ملازمت کا نیٹورک (Refugee Employment Network)ایک قومی ممبرشپ کا نیٹورک ہے جو مملکت متحدہ میں پناہ گزین کے لیے بہتر ملازمت کے مواقع پیدا کرنے پر مرکوز ہے۔ ویب سائٹ پر ملازمت کے مواقع درج ہیں جن کی باقاعدگی کے ساتھ تجدید کی جاتی ہے۔